بیکن ہاؤس اسکول سسٹم

پی ای سی ایچ ایس کیمپس (مڈل اسکول)

تفہیم (لسانی مہارت) معاون ورک شیٹ برائے جماعت۔ ہفتم

درج ذیل عبارت کو پڑھ کر پوچھے گئے سوالات کے جوابات منتخب کریں۔

واہ ری قسمت؛ آج تو بڑا لمبا ہاتھ مارا ہے۔ لگتا ہے آج کل قسمت زیادہ ہی مہربان ہے۔ نعمت خان نے جوش و خروش میں پھولتی سانسوں کے درمیان کریم بخش کو اپنی تازہ ترین کارروائی کے بارے میں آگاہ کیا۔ اس کے چہرے سے خوشی چھپائے نہیں چھپ رہی تھی تاہم کریم بخش نے ناکام کوشش کرتے ہوئے اسے سمجھانا چاہا مگر نعمت خان اُسے کچھ بولنے کا موقع ہی نہیں دیا۔ دراصل نعمت خان نے دوسری مرتبہ اپنے آفس کے اکاؤنٹ میں گڑبڑ کی تھی اور خاصی موٹی رقم لے اُڑا تھا۔ دھوکہ دہی کی بُری لت اُسے کافی عرصے سے پڑی تھی جہاں بھی نوکری کرتا کچھ عرصے بعد وہاں پیسوں میں گڑبڑ کرتا، کبھی پکڑا جاتا کبھی نوکری چھوڑ دیتا۔ اسی دوران اس کا بیٹا بیمار ہو گیا، اُس نے شہر کے بڑے اسپتالوں اور قابل ڈاکٹروں سے اسکا علاج کروایا مگر کوئی بیماری کی درست تشخیص نہیں کر پا رہا تھا۔

آج بھی اُس کے بیٹے کی طبیعت بگڑی تو وہ اس کو لے کر اسپتال لے کر بھاگا۔ ایمرجنسی میں داخلہ کروا کر ڈاکٹروں کے کمرے کی طرف بھاگا تاکہ اپنے بچے کی طبیعت معلوم کر سکے لیکن ڈاکٹروں نے اُسے جھوٹی تسلّی دے کر باہر بھیج دیا۔ آخر انہیں بھی سارے دن کی محنت کے بعد اپنے گھر جانا تھا۔ درد کی شدت سے بچہ بے ہوش ہو چکا تھا اور اسپتال کی ایمرجنسی میں دوسرے ڈاکٹروں کے انتظار میں پڑا تھا۔

نجانے کیوں مگر نعمت خان کے کانوں میں سالوں پہلے کریم بخش کا سمجھایا ہوا جملہ گونجنے لگا۔ جب پہلی چوری پر کریم بخش نے اُسے اپنے طور پر سمجھایا تھا کہ 'ایک بات زندگی بھر یاد رکھنا، کسی کو دھوکہ نہ دینا، دھوکے میں بڑی جان ہوتی ہے، یہ کبھی نہیں مرتا، گھوم پھر کر ایک دن آپ کے پاس واپس آجاتا ہے کیونکہ اس کو اپنے ٹھکانے سے سب سے بہت محبت ہوتی ہے۔' اسپتال میں کھڑے نعمت خان کا جسم ندامت و شرمندگی سے بھیگ چکا تھا کیونکہ اُسے محسوس ہو رہا تھا کہ دھوکہ واپس اُس تک پہنچ چکا ہے۔

۱۔ عبارت کا موزوں عنوان منتخب کریں۔

(الف) قسمت کی دیوی (ب) دھوکے میں بڑی جان ہوتی ہے (ج) دھوکہ دے کر کام نکالو

۲۔ 'آج تو قسمت بڑی مہربان ہے' یہ جملہ کس نے کہا؟

(الف) نعمت خان (ب) کریم بخش (ج) ڈاکٹر

۳۔ کریم بخش نے کس چیز کی ناکام کوشش کی؟

(الف) نعمت خان کو سمجھانے کی (ب) نعمت خان سے اُدھار مانگنے کی (ج) نعمت خان کے گھر جانے کی

LIVEWORKSHEETS

بیکن ہاؤس اسکول سسٹم

پی ای سی ایچ ایس کیمپس (مڈل اسکول)

تفہیم (لسانی مہارت) معاون ورک شیٹ برائے جماعت۔ ہفتم

۴۔ نعمت خان نے دوسری مرتبہ کیا کام کیا تھا؟

(الف) اس نے دوسری بار کم رقم نکالی تھی۔ (ب) اس نے دوسری بار بھی زیادہ رقم نکالی تھی۔ (ج) اس نے ادھار مانگا تھا۔

۵۔ بیمار کون ہوا تھا اور اس کو کیا بیماری تھی؟

(الف) نعمت خان خود بیمار ہو گیا تھا۔

(ب) نعمت خان کا بیٹا بیمار تھا اور اسکی بیماری کی تشخیص نہیں ہو رہی تھی۔

(ج) کریم بخش بیمار تھا اور اس کی بیماری کی تشخیص نہیں ہو رہی تھی۔

۶۔ ڈاکٹروں نے نعمت خان سے کیا کہا؟

(الف) اس سے بہت سارے پیسے مانگے۔

(ب) اس کو کہا کہ اپنے بیٹے کو دوسرے اسپتال لے جانے کا کہا۔

(ج) اس کو جھوٹی تسلی دے کر باہر بھیجا۔

۷۔ اسپتال میں نعمت خان کو کریم بخش کا کون سا جملہ یاد آ رہا تھا؟

(الف) کسی کو اُدھار نہ دینا ورنہ واپس نہیں ملتا۔

(ب) کسی کو دھوکہ نہ دینا اس میں جان ہوتی ہے گھوم کر واپس آتا ہے۔

(ج) کسی کو دھوکہ دینا اس میں جان نہیں ہوتی ہے گھوم کر واپس آتا ہے۔

۸۔ کسی بھی جگہ کام کرتے ہوئے ہماری اخلاقی ذمہ داریاں کیا ہونی چاہئیے؟

(الف) ہمیں صرف اپنے کام اور تنخواہ پر دھیان نہیں کرنا چاہئیے۔

(ب) ہمیں اپنے کام ذمہ داری اور ایمانداری سے کرنا چاہئیے۔

(ج) ہمیں کام سے زیادہ اپنی تنخواہ پر دھیان دینا چاہئیے۔

LIVEWORKSHEETS

# بیکن ہاؤس اسکول سسٹم
## پی ای سی ایچ ایس کیمپس (مڈل اسکول)
### تفہیم (لسانی مہارت) معاون ورک شیٹ برائے جماعت۔ ہفتم

۹۔ آپ کے خیال میں نعمت خان کی دھوکہ دہی کی عادت نے اسے کس امتحان میں ڈالا؟

(الف)اس کا اکلوتا بیٹا شدید بیمار ہو گیا۔

(ب)اس کا اکلوتا بیٹا گھر سے لاپتہ ہو گیا۔

(ج)اس کا اکلوتا بیٹا اس کو بھی دھوکہ دے کر چلا گیا۔

۱۰۔ درج ذیل الفاظ کے درست متضاد منتخب کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف)خوشی | ہنسی | راحت | غم |
| (ب)ناکام | کار آمد | کامیاب | کمیاب |
| (ج)زندگی | حیات | وفات | موت |
| (د)دن | صبح | شب | رات |

LIVEWORKSHEETS